PRESS RELEASE پریس بیان

भारतीय रिज़र्व बैंक
ریزرو بینک آف انڈیا
ویبسائٹ: www.rbi.org.in
ای ۔میل: helpdoc@rbi.org.in

संचार विभाग, केंद्रीय कार्यालय, शहीद भगत सिंह मार्ग, फोर्ट, मुंबई-400001
شعبہ کیمونکیشن ، سنٹرل آفس ،شہید بھگت سنگھ مارگ ،فورٹ، ممبئی ۔400001،
فون: 022-22660502

आज़ादी का अमृत महोत्सव

16 جنوری 2023

# آر بی آئی نے دی سٹیزنز کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، جموں، جموں و کشمیر پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے بتاریخ 06 جنوری 2023 کو جاری ایک حکم نامے کے ذریعے، دی سٹیزنز کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، جموں، جموں اور کشمیر پر بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 56 کے ساتھ پڑھا جائے کے سیکشن 35 - **A**اور سیکشن 36 (1) (**a**) کی خلاف ورزی پر 5.00 لاکھ روپے (فقط پانچ لاکھ روپے) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ یہ جرمانہ آر بی آئی کی طرف سے جاری کردہ مخصوص ہدایات پر عمل کرنے میں بینک کی ناکامی کو مدنظر رکھتے ہوئے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47 A (1) (c)کے دفعہ جات، پڑھا جائے سیکشن 46(4)(i)اور سیکشن 56 کے تحت آر بی آئی کو حاصل اختیارات کا استعمال کرکے لگایا گیا ہے۔

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیل میں خامیوں پر مبنی ہے اور اس کا مقصد بینک کی طرف سے اپنے صارفین کے ساتھ کئے گئے کسی بھی لین دین یا معاہدے کی درستگی پر اعلان کرنا نہیں ہے۔

## پس منظر

**31**مارچ 2020 کو بینک کی مالی پوزیشن پر مبنی معائنہ رپورٹ نے، ایک سپروائزری ایکشن کے تحت، سنگل اور گروپ قرض لینے والے کی ایکسپوئزر کی حد کو کم کرنے پر، سُپروائزری فریم ورک (**SAF**) کے تحت آر بی آئی کی طرف سے بینک کو جاری کردہ مخصوص ہدایات کی عدم تعمیل کا انکشاف کیا ہے۔ اسی کی بنیاد پر، بینک کو ایک نوٹس جاری کیا گیا تھا جس میں اسے وجہ بتانے کی صلاح دی گئی تھی کہ مذکورہ ہدایات کی عدم تعمیل پر اس پرکیوں نہ جرمانہ عائد کیا جائے۔

نوٹس ہذا پر بینک کے جواب اور اس پر دی گئی اضافی جانکاری پر غور کرنے کے بعد، آر بی آئی اس نتیجے پر پہنچا کہ آر بی آئی کی ہدایات کی عدم تعمیل کا مذکورہ بالا الزام ثابت ہوا ہے اور مالی جرمانہ عائد کرنے کی ضمانت ہے۔

بیان کی اشاعت : 2022-2023 /1555

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر